ہم جنس پرستی

مصنف: علامہ امجد مدنی

شرعی وطبی نقصانات

اسلامی نقطہ نظر سے ایک تحقیقی جائزہ

انتساب

ہر اس مسلمان کے نام

جس کے دل میں **ایمان کا نور** اور روح میں **حیا کی تڑپ** موجود ہے۔ جو اس مادی اور پر فتن دور میں اپنے **کردار کی حفاظت** کرتے ہوئے، ایک پاکیزہ اور صالح معاشرے کی تعمیر کے لیے کوشاں ہے **دعا ہے کہ** اللہ رب العزت ہر مسلمان کی عزت، آبرو اور جوانی کو غیر فطری راہوں سے **محفوظ** رکھے، اسے **پیکر حیا** بنائے اور اس کی زندگی کو گناہوں کے داغوں سے پاک اور **بے داغ** بنائے۔۔

آمین، بجاہ النبی الامین ﷺ

تعارف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اس کائنات کے مالک اور خالق نے انسان کو **اشرف المخلوقات** بنا کر اسے ایک ایسی فطرت پر پیدا کیا ہے جو پاکیزگی، حیا داری اور اعلیٰ اخلاقی اقدار سے آراستہ ہے۔ ربِ کائنات نے جہاں انسان کی رہنمائی کے لیے عقل اور شعور عطا کیا، وہاں اس کی بقا اور سکون کے لیے کچھ فطری حدود اور معیار بھی مقرر کیے ہیں۔ جب بھی انسان اپنی اس فطری راہ سے ہٹ کر نفسانی خواہشات کے اندھے گھیرے میں آتا ہے، تب نہ صرف اس کی روحانیت متاثر ہونا شروع ہوتی ہے، بلکہ پورا معاشرہ اخلاقی زوال کا شکار ہو جاتا ہے۔

موجودہ دور میں، جہاں علم اور ترقی کے دعوے تو بہت بڑے ہیں، وہاں بدقسمتی سے کچھ ایسے غیر فطری اور اخلاق سوز رجحانات بھی جنم لے رہے ہیں جو انسانی وقار کے منافی ہیں۔ یہ برائیاں، جنہیں وقتی لذت کا نام دیا جاتا ہے، دراصل انسانی نسل کی تباہی، بیماریوں کے پھیلاؤ اور الٰہی غضب کا سبب بنتی ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی کسی قوم نے اپنی فطرت کو مسخ کیا اور

پاکیزہ رشتوں کے تقدس کو پامال کیا، تب وہ قوم ذلت اور تباہی کی گہرائیوں میں جا گری۔

یہ کتاب اس غفلت کو دور کرنے کی ایک کوشش ہے، جو ہمارے سماجی اور اخلاقی ڈھانچے کو دیمک کی طرح کھا رہی ہے۔ ہمارا مقصد کسی کی دل آزاری کرنا نہیں، بلکہ گمراہ ہونے والوں کو سیدھا راستہ دکھانا، نوجوان نسل کو اس برائی کی ہولناکیوں سے آگاہ کرنا اور معاشرے میں ایک بار پھر حیا اور پاکیزگی والے ماحول کو فروغ دینا ہے۔

امید ہے کہ یہ تحریر پڑھنے والوں کے دلوں میں ایمان کی شمع روشن کرے گی اور انہیں ایک ایسی زندگی گزارنے کی ترغیب دے گی جو رب کی رضا اور انسانی وقار کے مطابق ہو۔

مقدمہ

آج کے پر فتن دور میں، جب اخلاقی اقدار کا زوال اپنی انتہا کو پہنچ چکا ہے، تب معاشرے میں کچھ ایسی بدترین برائیاں جنم لے رہی ہیں جن کا تصور کر کے بھی روح کانپ اٹھتی ہے۔ ان میں سے سب سے خطرناک اور ذلت آمیز گناہ **لواطت** (بد فعلی) ہے، جو نہ صرف انسانی فطرت کے خلاف ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ کی سخت ناراضگی کا سبب بھی ہے۔

افسوس کا مقام یہ ہے کہ آج یہ گندگی ہمارے معاشرے میں کینسر کی طرح پھیل رہی ہے۔ ہوس پرست اور نفس کے پجاری ایسے لوگ ہر وقت اس گناہ کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ صورتحال اتنی بھیانک ہو چکی ہے کہ **معاذ اللہ**، نہ اب مقدس جگہیں محفوظ رہی ہیں اور نہ ہی ہمارے تعلیمی ادارے، جو کسی وقت علم و تربیت کے مرکز ہوتے تھے، اب وہاں بھی ایسے درندوں کی وجہ سے خوف و ہراس کا ماحول پیدا ہو رہا ہے۔

یہ دردناک صورتحال دیکھ کر میرا ضمیر جاگ اٹھا ہے۔ میں نے محسوس کیا کہ ایک مسلمان کی حیثیت سے خاموش رہنا گناہوں میں حصہ دار بننے کے برابر ہے۔ چنانچہ، میں نے اپنی استطاعت کے مطابق اس حساس موضوع پر ایک مختصر مگر جامع تحریر لکھنے کا عزم کیا، تاکہ اس برائی کی قباحت کو واضح کیا جاسکے اور اپنے معاشرے کو اس تباہی سے بچانے کے لیے ایک چھوٹی سی کوشش کی جاسکے

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ میری اس حقیر کوشش کو اپنی حضور قبول فرمائے، اس تحریر کو اصلاح کا ذریعہ بنائے، اور ہمارے معاشرے کو اس بدترین گناہ اور اس کے اثرات سے محفوظ رکھے۔ **آمین**

طالبِ دعا: امجد مدنی

قومِ لوط: ایک عبرت ناک داستان، جو دل دہلا دے

یہ حضرت لوط علیہ السلام کا شہر "سَدُوم" ہے۔ جو ملک شام میں صوبہ "حِمُصُ" کا ایک مشہور شہر ہے۔ حضرت لوط علیہ السلام بن ہاران بن تارخ، یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے ہیں۔ یہ لوگ عراق میں شہر "بابل" کے باشندہ تھے پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام وہاں سے ہجرت کر کے "فلسطین" تشریف لے گئے اور حضرت لوط علیہ السلام ملک شام کے ایک شہر "اُردن" میں مقیم ہو گئے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو نبوت عطا فرما کر "سدوم" والوں کی ہدایت کے لئے بھیج دیا۔

شہر سدوم :۔ شہر سدوم کی بستیاں بہت آباد اور نہایت سر سبز و شاداب تھیں اور وہاں طرح طرح کے اناج اور قسم قسم کے پھل اور میوے بکثرت پیدا ہوتے تھے۔ شہر کی خوشحالی کی وجہ سے اکثر جابجا کے لوگ مہمان بن کر ان آبادیوں میں آیا کرتے تھے اور شہر کے لوگوں کو ان مہمانوں کی مہمان نوازی کا بار اٹھانا پڑتا تھا۔ اس لئے اس شہر کے لوگ مہمانوں کی آمد سے بہت ہی کبیدہ خاطر اور تنگ ہو چکے تھے۔ مگر مہمانوں کو روکنے اور بھگانے کی کوئی صورت نظر نہیں آ رہی تھی۔ اس ماحول میں ابلیس لعین ایک بوڑھے کی صورت میں نمودار ہوا۔ اور ان لوگوں سے کہنے لگا کہ اگر تم لوگ مہمانوں کی آمد سے نجات چاہتے ہو تو اس کی یہ تدبیر ہے کہ جب بھی کوئی مہمان تمہاری بستی میں آئے تو تم لوگ زبردستی اس کے ساتھ بد فعلی کرو۔ چنانچہ سب سے پہلے ابلیس خود ایک خوبصورت لڑکے کی شکل میں مہمان بن کر اس بستی میں داخل ہوا۔ اور ان لوگوں سے خوب بد فعلی کرائی اس طرح یہ فعلِ بد ان لوگوں نے شیطان سے سیکھا۔ پھر رفتہ رفتہ اس برے کام کے یہ لوگ اس قدر عادی بن گئے کہ عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے اپنی شہوت پوری کرنے لگے

چنانچہ حضرت لوط علیہ السلام نے ان لوگوں کو اس فعلِ بد سے منع کرتے ہوئے اس طرح وعظ فرمایا کہ:۔

اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾[1]

ترجمہ کنزالایمان:۔اپنی قوم سے کہا کیا وہ بے حیائی کرتے ہو جو تم سے پہلے جہان میں کسی نے نہ کی تم تو مردوں کے پاس شہوت سے جاتے ہو عورتیں چھوڑ کر بلکہ تم لوگ حد سے گزر گئے

حضرت لوط علیہ السلام کے اس اصلاحی اور مصلحانہ وعظ کو سن کر ان کی قوم نے نہایت بے باکی اور انتہائی بے حیائی کے ساتھ کیا کہا؟ اس کو قرآن کی زبان سے سنئے:۔

وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْیَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ یَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾[2]

---

[1] سورۃالاعراف کی آیات نمبر 80اور 81ہیں۔

[2] سورہ الاعراف کی آیت نمبر 82ہے۔

ترجمہ کنزالایمان :۔اور اس کی قوم کا کچھ جواب نہ تھا مگر یہی کہنا کہ ان کو اپنی بستی سے نکال دو یہ لوگ تو پاکیزگی چاہتے ہیں

جب قوم لوط کی سرکشی اور بدفعلی قابل ہدایت نہ رہی تو اللہ تعالیٰ کا عذاب آگیا۔ چنانچہ حضرت جبرائیل علیہ السلام چند فرشتوں کو ہمراہ لے کر آسمان سے اتر پڑے۔ پھر یہ فرشتے مہمان بن کر حضرت لوط علیہ السلام کے پاس پہنچے اور یہ سب فرشتے بہت ہی حسین اور خوبصورت لڑکوں کی شکل میں تھے۔ان مہمانوں کے حسن و جمال کو دیکھ کر اور قوم کی بدکاری کا خیال کرکے حضرت لوط علیہ السلام بہت فکر مند ہوئے۔ تھوڑی دیر بعد قوم کے بدفعلوں نے حضرت لوط علیہ السلام کے گھر کا محاصرہ کر لیا اور ان مہمانوں کے ساتھ بدفعلی کے ارادہ سے دیوار پر چڑھنے لگے۔ حضرت لوط علیہ السلام نے نہایت دل سوزی کے ساتھ ان لوگوں کو سمجھانا اور اس برے کام سے منع کرنا شروع کردیا۔ مگر یہ بدفعل اور سرکش قوم اپنے بے ہودہ جواب اور برے اقدام سے باز نہ آئی۔ تو آپ اپنی تنہائی اور مہمانوں کے سامنے رسوائی سے تنگ دل ہو کر غمگین و رنجیدہ ہو گئے۔ یہ منظر دیکھ کر حضرت جبریل علیہ السلام نے فرمایا کہ اے اللہ عزوجل کے نبی آپ بالکل کوئی فکر نہ کریں۔ ہم لوگ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے فرشتے ہیں جو ان بدکاروں پر عذاب لے کر اترے ہیں۔ لہٰذا آپ مومنین اور اپنے اہل و عیال کو ساتھ لے کر صبح ہونے سے قبل ہی اس بستی سے دور نکل جائیں اور خبردار کوئی شخص پیچھے مڑ کر اس بستی کی طرف نہ دیکھے ورنہ وہ بھی اس عذاب میں گرفتار ہو جائے گا۔ چنانچہ حضرت لوط علیہ السلام اپنے گھر والوں اور مومنین کو ہمراہ لے کر بستی سے باہر نکل گئے۔ پھر حضرت جبریل علیہ السلام اس شہر کی پانچوں بستیوں کو اپنے پروں پر اٹھا کر آسمان کی طرف بلند ہوئے اور کچھ اوپر جا کر ان بستیوں کو الٹ دیا اور یہ آبادیاں زمین پر گر کر چکنا چور ہو کر زمین پر بکھر گئیں۔ پھر

کنکر کے پتھروں کا مینہ برسا اور اس زور سے سنگ باری ہوئی کہ قوم لوط کے تمام لوگ مر گئے اور ان کی لاشیں بھی ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بکھر گئیں۔ عین اس وقت جب کہ یہ شہر الٹ پلٹ ہو رہا تھا۔ حضرت لوط علیہ السلام کی ایک بیوی جس کا نام ''واعلہ'' تھا جو در حقیقت منافقہ تھی اور قوم کے بدکاروں سے محبت رکھتی تھی اس نے پیچھے مڑ کر دیکھ لیا اور یہ کہا کہ ''ہائے رے میری قوم'' یہ کہہ کر کھڑی ہو گئی پھر عذابِ الٰہی کا ایک پتھر اس کے اوپر بھی گر پڑا اور وہ بھی ہلاک ہو گئی۔ چنانچہ قرآن مجید میں حق تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:۔

فَاَنۡجَیۡنٰهُ وَ اَهۡلَهٗۤ اِلَّا امۡرَاَتَهٗ ۖ٭ كَانَتۡ مِنَ الۡغٰبِرِیۡنَ ﴿۸۳﴾ وَ اَمۡطَرۡنَا عَلَیۡهِمۡ مَّطَرًا ؕ فَانۡظُرۡ كَیۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الۡمُجۡرِمِیۡنَ ﴿۸۴﴾[3]

ترجمہ کنزالایمان:۔ تو ہم نے اسے اور اس کے گھر والوں کو نجات دی مگر اس کی عورت وہ رہ جانے والوں میں ہوئی اور ہم نے اُن پر ایک مینہ برسایا تو دیکھو کیسا انجام ہوا مجرموں کا۔

جو پتھر اس قوم پر برسائے گئے وہ کنکروں کے ٹکڑے تھے۔ اور ہر پتھر پر اُس شخص کا نام لکھا ہوا تھا جو اس پتھر سے ہلاک ہوا۔

پیارے مسلمان بھائیو!

حضرت لوط علیہ السلام اور ان کی قوم کا یہ واقعہ عبرت کا ایک عظیم درس ہے۔ اس واقعے سے ہمیں جو اہم نصیحتیں اور سبق ملتے ہیں، وہ درج ذیل ہیں:

[3] سورہ الاعراف کی آیات نمبر 83 اور 84 ہیں۔

1. بد فعلی اور بے حیائی کی تباہی: اس واقعے سے معلوم ہوا کہ بد فعلی (ہم جنس پرستی) ایسا گناہ ہے جو نہ صرف فطرت کے خلاف ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ کی سخت ناراضگی اور غضب کا سبب بنتا ہے۔ یہ وہ کام تھا جو قومِ لوط سے پہلے پوری دنیا میں کسی نے بھی نہیں کیا تھا۔

2. شیطانی چالوں سے ہوشیاری: شیطان ہمیشہ انسان کو سیدھے راستے سے ہٹانے کے لیے نئے نئے طریقے استعمال کرتا ہے۔ اس واقعے میں ابلیس ایک بوڑھے کے روپ میں آکر انہیں غلط مشورہ دیا۔ ہمیں چاہیے کہ ہر قدم پر اپنی نیت اور اعمال کا جائزہ لیں کہ کہیں ہم شیطانی دھوکے میں تو نہیں آرہے۔

3. برائی سے روکنے کی اہمیت: حضرت لوط علیہ السلام نے اپنی قوم کو اس برے کام سے روکنے کے لیے اپنی پوری کوشش کی۔ یہ ہم پر فرض ہے کہ جب ہم اپنے معاشرے میں کوئی برائی دیکھیں تو اسے روکنے کی کوشش کریں، کیونکہ خاموش رہنا بھی برائی کو شہ دینے کے برابر ہے۔

4. برے لوگوں کی سنگت کا نتیجہ: حضرت لوط علیہ السلام کی اہلیہ (واعلہ) اگرچہ نبی کے گھر میں تھیں، لیکن ان کی ہمدردیاں گناہ گاروں کے ساتھ تھیں۔ اس لیے وہ بھی عذاب کا شکار ہو گئیں۔

- اس واقعے سے ہمیں یہ بڑی نصیحت ملتی ہے کہ صرف نیک لوگوں کی محفل میں بیٹھنا یا ان کے قریب ہونا کافی نہیں، بلکہ دلی محبت اور دلی جھکاؤ بھی نیک لوگوں کے ساتھ ہونا ضروری ہے۔
- برے لوگوں کے ساتھ ہمدردی رکھنا انسان کو تباہ کر دیتا ہے۔

.5 اللہ کے عذاب سے ڈرنا چاہیے : جب کوئی قوم حد سے گزر جاتی ہے اور توبہ نہیں کرتی، تو پھر اسے کوئی بھی طاقت اللہ کے عذاب میں مبتلا ہونے سے بچا نہیں سکتی۔ قومِ لوط پر جس طریقے سے عذاب آیا (بستیوں کا الٹ جانا اور پتھروں کا برسنا)، وہ بتاتا ہے کہ گناہوں کی لذت عارضی ہے لیکن اس کی سزا تمام سخت ہے۔

.6 حلال اور فطری راستے پر چلنا : اللہ تعالیٰ نے انسان کے سکون اور نسل کی بقا کے لیے نکاح کا حلال راستہ (مرد اور عورت کا رشتہ) بنایا ہے۔ اس فطری راستے کو چھوڑ کر غلط راستوں پر چلنا انسانی معاشرے کی بربادی ہے۔

خلاصہ : یہ واقعہ ہمیں سکھاتا ہے کہ ہمیں اپنے ماحول کو بے حیائی سے پاک رکھنا چاہیے، اپنی اولاد کی تربیت اسلامی اصولوں کے مطابق کرنی چاہیے، اور ہمیشہ اللہ کی نافرمانی سے پناہ مانگنی چاہیے۔

شیطان کی نظر میں سب سے بڑا گناہ

منقول ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ایک مرتبہ ابلیس لعین سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ کو سب سے بڑھ کر کون سا گناہ ناپسند ہے؟ تو ابلیس نے کہا کہ سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو یہ گناہ ناپسند ہے کہ مرد، مرد سے بدفعلی کرے اور عورت، عورت سے اپنی خواہش پوری کرے۔[4]

عورتوں کی بدفعلی: حدیثِ پاک کی روشنی میں

اور حدیث میں ہے کہ عورت کا اپنی فرج کو دوسری عورت کی فرج سے رگڑنا یہ ان دونوں کی زناکاری ہے جو گناہ کبیرہ ہے۔[5]

بدفعلی اور عرشِ الٰہی کا لرزنا

[4] عجائب القران مع غرائب القران

[5] عجائب القران مع غرائب القران

حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں: ''لِواطت کی سزا یہ ہے کہ لوطی کو بلند و بالا چوٹی سے پھینکا جائے پھر اُوپر سے اس پر اس وقت تک پتھر برسائے جائیں جب تک مر نہ جائے اس لئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قوم لوط کو یہی سزا دی تھی کہ ان پر آسمان سے پتھر برسائے گئے تھے۔

اور لواطت کرنے والا اگر دنیا بھر کے پانی سے بھی غسل کرلے پھر بھی (اس کا باطن) ناپاک ہی رہے گا جب تک کہ توبہ نہ کرلے، تو اسی لئے شیطان بھی جب مرد کو مرد پر دیکھتا ہے تو عذاب کے خوف سے وہاں سے بھاگ جاتا ہے اور جب کوئی مرد کسی مرد پر سوار ہوتا (یعنی بدفعلی کرتا) ہے تو عرشِ الٰہی عزوجل کانپ اُٹھتا ہے اور قریب ہوتا ہے کہ آسمان زمین پر گر پڑے، ملائکہ آسمان کے کناروں کو پکڑ کر اس وقت تک ''قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ'' (پ ۳۰، اخلاص: ۱) کی تلاوت کرتے رہتے ہیں جب تک اللہ جبار و قہار عزوجل کا غضب ٹھنڈا نہیں ہوتا۔''[6]

---

[6] نیکیوں کی جزائیں اور گناہوں کی سزائیں

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور آگ میں جلتا ہوا گناہ گار

ایک اور روایت میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیدنا عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام جنگل میں کسی آگ کے قریب سے گزرے جس میں ایک شخص جل رہا تھا، تو آپ علیہ السلام اس آگ کو بجھانے کے لئے پانی لائے تو اس آگ نے ایک لڑکے کی شکل اختیار کرلی اور وہ مرد آگ کی صورت میں تبدیل ہو گیا تو اس پر حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام رونے لگے اور اللہ عزوجل کی بارگاہ میں عرض کی: ''یارب عزوجل! ان دونوں کو ان کی اصلی حالت پر لوٹا دے تاکہ میں ان کے گناہ کے بارے میں پوچھوں'' تو وہ آگ ان دونوں سے دور ہو گئی تو آپ علیہ السلام نے دیکھا کہ ان میں سے ایک مرد اور دوسرا لڑکا تھا، اس مرد نے عرض کی: ''اے عیسیٰ علیہ السلام! مَیں دنیا میں اس لڑکے کی محبت میں گرفتار تھا شہوت نے مجھے اس حد تک پہنچا دیا کہ میں نے جمعہ کی رات اس کے ساتھ بدفعلی کی اور پھر دوسرے دن بھی اس کے ساتھ بدفعلی کی۔ ایک شخص ہمارے قریب آیا اور کہا: ''تم ہلاک ہو جاؤ، اللہ عزوجل سے ڈرو۔'' میں نے اسے جواب میں کہا: ''مجھے نہ اللہ عزوجل کا خوف ہے اور نہ ہی مَیں اس سے ڈرتا ہوں تو جب میں اور یہ لڑکا مر گئے تو اللہ عزوجل نے ہم دونوں کو آگ

کی صورت کر دیا،اب کبھی یہ آگ بن کر مجھے جلاتا ہے اور کبھی مَیں آگ بن کر اِس کو جلاتا ہوں اور ہمیں یہ عذاب قیامت تک ہوتا رہے گا۔''[7]

حضرت سلیمان علیہ السلام اور ابلیس کا مکالمہ

حضرت سیدنا سلیمان بن داؤد علی نبینا و علیہما الصلوٰۃ والسلام نے شیطان ملعون سے پوچھا: ''تجھے کون سا عمل (یعنی گناہ) زیادہ پسند ہے؟ابلیس لعین نے کہا: ''مجھے لواطت سے زیادہ کوئی عمل محبوب نہیں اور چونکہ اللہ عزوجل کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ عمل یہ ہے کہ مرد کے اُوپر مرد اور عورت کے اُوپر عورت آئے (یعنی بد فعلی کرے) اس لئے مجھے اس سے زیادہ محبوب کوئی عمل نہیں۔''

حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام نے پوچھا: ''تُو ہلاک ہو جائے! ایسا کیوں ہے؟''اس نے کہا: ''اس لئے کہ جس کو اس کی عادت پڑ جاتی ہے اسے ایک گھڑی صبر نہیں ہوتا اسی لئے اللہ عزوجل کا اس پر شدید غضب ہوتا ہے اور جس پر اللہ عزوجل کا غضب شدید ہو جائے، وہ اسے توبہ سے روک دیتا ہے[8]

---

[7] نیکیوں کی جزائیں اور گناہوں کی سزائیں

[8] نیکیوں کی جزائیں اور گناہوں کی سزائیں

بدفعلی کرنے والے کی قبر سے منتقلی اور سنگساری

نبیٔ مُکَرَّم، نُورِ مُجسَّم، رسولِ اَکرم، شہنشاہِ بنی آدم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص قومِ لوط کا سا عمل کرتے ہوئے مر جائے تو وہ اپنی قبر میں ایک گھڑی سے زیادہ نہیں ٹھہر پاتا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے جس کی شکل وصورت اُچک لینے والے پرندے کی مانند ہوتی ہے وہ اسے اپنے پنجوں سے اُچک کر قومِ لوط کی بستی میں پھینک آتا ہے تو وہ جہنم میں ان کے ساتھ سنگسار ہوگا اور اس کی پیشانی پر لکھ دیا جاتا ہے: ''آیِسٌ مِّنْ رَّحْمَةِ اللّٰہِ'' یعنی یہ شخص اللہ عزوجل کی رحمت سے مایوس ہے۔''[9]

بدفعلی کرنے والے والدین کا عبرتناک انجام

نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سَرْوَر، دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحرو بَر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے: ''قیامت کے دن ایسے بچے لائے جائیں گے جن کے سر نہیں ہوں گے، اللہ تبارک وتعالیٰ جاننے کے باوجود ان سے پوچھے گا:

---

[9] نیکیوں کی جزائیں اور گناہوں کی سزائیں

''تم کون ہو؟'' وہ عرض کریں گے: ''ہم مظلوم ہیں۔'' اللہ عزوجل پوچھے گا: ''تم پر کس نے ظلم کیا؟'' وہ عرض کریں گے: ''ہمارے باپوں نے، کیونکہ وہ دنیا میں مَردوں سے بدفعلی کرکے ہمیں ان کے پچھلے مقام میں ڈال دیا کرتے تھے۔'' تو اللہ عزوجل فرمائے گا: ''ان کے باپوں کو جہنم میں ڈال دو اور ان کی پیشانیوں پر لکھ دو: "آيِسِيْنَ مِنْ رَّحْمَتِی" یعنی یہ سب میری رحمت سے مایوس ہیں۔''[10]

[10] نیکیوں کی جزائیں اور گناہوں کی سزائیں

قرآنِ کریم کی روشنی میں بدفعلی کی مذمت

پیارے اسلامی بھائیو

اللہ تبارک وتعالیٰ نے انسان کو پیدا کر کے اسے اپنی نعمتوں سے مالا مال فرمایا اور زندگی گزارنے کے لیے عظیم و پاکیزہ اصول عطا کیے۔ لیکن جب انسان شیطانی بہکاوے میں آکر فطرت کی حدود کو پار کرتا ہے، تو وہ ایسے برے کاموں میں ملوث ہو جاتا ہے جو نہ صرف انسانیت کی توہین ہیں بلکہ اللہ کے سخت غضب کو دعوت دینے کے برابر ہیں ان بدترین گناہوں میں سے ایک **بدفعلی** ہے، جس نے پوری قومِ لوط کو تباہ و برباد کر دیا۔

اس برے فعل کی سنگینی کو سمجھنے کے لیے ہمارے پاس قرآنِ کریم سے بڑھ کر دوسرا کوئی مستند ذریعہ نہیں ہے۔ قرآنِ پاک کے فیصلے اٹل ہیں اور وہ قیامت تک کے انسانوں کے لیے عبرت کا درس ہیں۔ آیئے اب قرآنِ کریم کی روشنی میں بدفعلی کی مذمت، اس کی قباحت اور اس پر نازل ہونے والے الٰہی غضب کو پڑھتے اور سمجھتے ہیں، تاکہ ہمارے دلوں میں اللہ کا خوف پیدا ہو اور ہم اپنے معاشرے کو اس گندگی سے پاک رکھنے کا عزم کریں۔

بد فعلی: دنیا کی بدترین بے حیائی اور حد سے گزر جانا

﴿وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُم بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِّنَ الْعَالَمِينَ
○ إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّن دُونِ النِّسَاءِ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُونَ﴾ [11]

اور لوط (علیہ السلام) کو یاد کیجیے، جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم ایسی بے حیائی (بد فعلی) کرتے ہو، جو تم سے پہلے دنیا میں کسی نے بھی نہیں کی تھی؟ تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں کے پاس شہوت کے ساتھ آتے ہو؛ حقیقت میں تم حد سے گزر جانے والی (بدکار) قوم ہو

حلال کو چھوڑ کر حرام کو اختیار کرنا: قومِ لوط کی گمراہی

﴿أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعَالَمِينَ ○ وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُم مِّنْ أَزْوَاجِكُم بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ عَادُونَ﴾ [12]

ترجمہ کیا تم دنیا کے تمام انسانوں میں سے مردوں کے پاس (بد فعلی کے لیے) آتے ہو؟ اور تم اپنے رب کی پیدا کردہ اپنی بیویوں کو چھوڑ دیتے ہو؟ بلکہ تم تو حد سے گزر جانے والی قوم ہو۔

---

[11] سورۃ الاعراف کی آیات 80 اور 81 ہیں۔

[12] سورۃ الشعراء آیات 166 – 165

برائی پر دلیری اور عذابِ الٰہی کو دعوت: قومِ لوط کی سرکشی

﴿أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُونَ السَّبِيلَ وَتَأْتُونَ فِي نَادِيكُمُ الْمُنكَرَ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللَّهِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ﴾ [13]

ترجمہ

کیا واقعی تم مردوں کے پاس آتے ہو؟ اور راستے کاٹتے ہو (انسانی نسل کا سلسلہ بند" کرتے ہو) اور اپنی مجلسوں میں کھلم کھلا برائی کرتے ہو؟ پھر اس کی قوم کا جواب اس کے "سوا کچھ نہ تھا کہ انہوں نے کہا: اگر تم سچے ہو تو ہم پر اللہ کا عذاب لے آؤ۔

قہرِ الٰہی کا نزول: قومِ لوط کی بستی کی تباہی اور پتھروں کی بارش

﴿فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ مَّنضُودٍ﴾ [14]

ترجمہ پھر جب ہمارا حکم (عذاب) آیا تو ہم نے اس بستی کو اوپر سے نیچے کر دیا (الٹ دیا) اور ان پر پتھروں کی بارش برسائی جو تہہ بہ تہہ تھے۔

---

[13] **سورۃ العنکبوت** کی آیت نمبر 29 ہے۔

[14] سورۃ ہود کی آیت نمبر 82 ہے

قرآنی آیات کا روح اور عبرت آموز سبق

قرآنِ پاک کی یہ مبارک آیات صرف ایک قوم کا قصہ نہیں ہیں، بلکہ انسانیت کے لیے ایسے ضابطے ہیں جن کی پامالی پورے معاشرے کو تباہی کے کنارے پر لا کھڑا کرتی ہے۔
ان آیات سے ہمیں درج ذیل اہم اسباق ملتے ہیں:

.1 بدترین بے حیائی اور اس کی شروعات

سورۃ الاعراف کی آیت بتاتی ہے کہ یہ عمل اس قدر قبیح اور غیر فطری ہے کہ تاریخِ انسانی میں اس سے پہلے کسی بھی قوم نے ایسی جرات نہیں کی تھی۔ یہ برائی نہ صرف ایک گناہ ہے، بلکہ "اسراف" (حد سے گزر جانا) ہے، جس میں انسان اپنی عقل اور اخلاق کی ہر حد کو توڑ دیتا ہے۔

.2 فطری نظام کی نفی

سورۃ الشعراء کی روشنی میں، اللہ تعالیٰ نے عورت اور مرد کا جوجوڑا بنایا ہے، وہی سکون اور نسل کی بقا کا ذریعہ ہے۔ اس فطری راستے کو چھوڑ کر مردوں کے پیچھے لگنا انسانی وقار کی

توہین ہے۔ یہ عمل انسان کو اس درجے پر لے جاتا ہے جہاں وہ اپنے خالق کے بنائے ہوئے عظیم نظام سے بغاوت کرتا ہے۔

3. سماجی بگاڑ اور بے حسی

سورۃ العنکبوت میں بیان کیا گیا ہے کہ جب کوئی برائی گھروں سے نکل کر مجلسوں اور محفلوں میں کھلے عام ہونے لگے، تو سمجھو کہ اس قوم کا ضمیر مر چکا ہے۔ "رستہ روکنے " **تقطعون السبیل** سے مراد صرف لوٹ مار نہیں، بلکہ انسانی نسل کے تسلسل کو روکنا اور اخلاقی راستوں کو تباہ کرنا بھی ہے۔ جب لوگ گناہ پر فخر کرنے لگیں اور عذاب کو مذاق سمجھیں، تو پھر توبہ کا وقت ختم ہو جاتا ہے۔

4. وحشتناک عبرت اور انجام

سورۃ ہود کی آیت دل دہلا دینے والے انجام کا نقشہ کھینچتی ہے۔ جس قوم نے اپنی فطرت کو الٹا کیا، اللہ تعالیٰ نے ان کی بستیوں کو بھی اوپر سے نیچے (اوندھا) کر دیا۔ پتھروں کی بارش اس بات کی علامت ہے کہ جو ہاتھ حیا کی حدوں کو توڑتے ہیں، ان پر قدرت کا قہر کیسے نازل ہوتا ہے۔

بدفعلی کے متعلق احادیث

پیارے بھائیو! قرآنِ کریم میں قومِ لوط کے عبرتناک انجام کا ذکر پڑھنے کے بعد، آیئے اب ان پاکیزہ فرمودات کی طرف بڑھتے ہیں جو دونوں جہانوں کے سردار، حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے اس قبیح فعل (بدفعلی) کے بارے میں ارشاد فرمائے ہیں۔

نبیِ پاک ﷺ، جو رحمت للعالمین بن کر آئے، انہوں نے بھی اپنی امت کو اس گناہ کی ہولناکیوں، دنیاوی سزاوں اور اخروی عذابوں سے نہایت سختی کے ساتھ ڈرایا ہے۔ آپ ﷺ نے نہ صرف اس عمل پر لعنت فرمائی، بلکہ اسے معاشرے کی تباہی اور ایمان کی بربادی کا سبب قرار دیا۔ آیئے دل کے کانوں سے رسولِ خدا ﷺ کی ان حدیثوں کو پڑھیں، تاکہ ہمارے دلوں میں اس گناہ سے سخت نفرت پیدا ہو اور ہم اپنی نسل کو اس گندگی سے بچا سکیں۔

بدفعلی کرنے والے کی طرف اللہ کی نظرِ رحمت نہ ہونے کا بیان

عن ابن عباسٍ، قال: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "لا يَنظُرُ اللهُ إلى رَجُلٍ أتى رَجُلًا أو امرأةً في الدُّبُرِ[15]"

[15] الكتاب: الجامع الكبير «سنن الترمذي»: أبو عيسى محمد بن عيسى بن سورة الترمذي (209 – 279 هـ) باب ما جاءَ في كراهِيةِ إتْيانِ النِّساءِ في أدبارِهِنَّ

ترجمہ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف (نظرِ رحمت سے) نہیں دیکھے گا جو کسی مرد یا عورت کے ساتھ غیر فطری فعل (پیچھے کے راستے سے بدفعلی) کرے۔"

بدفعلی میں مبتلا شخص کا حشر

عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلّمَ: "مَنْ مَاتَ مِنْ أُمّتِي وَهُوَ يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ، نَقَلَهُ اللهُ حَتّى يُحْشَرَ مَعَهُمْ"[16]

ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدارِ رسالت ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری امت میں سے جو شخص اس حال میں مرا کہ وہ قومِ لوط والا عمل (بدفعلی) کرتا تھا، تو اللہ تعالیٰ اسے (قبر میں) انہی لوگوں کی طرف منتقل کر دے گا، یہاں تک کہ وہ (قیامت کے دن) انہی کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔"

عملِ قومِ لوط کے بارے میں نبی کریم ﷺ کی تشویش

عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنّهَا رَأَتِ النّبِيّ صلى الله عليه وسلم حَزِينًا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّهِ، وَمَا الّذِي يَحْزُنُكَ؟ قَالَ: "شَيْئًا تَخَوّفْتُ عَلَى أُمّتِي أَنْ يَعْمَلُوا بَعْدِي بِعَمَلِ قَوْمِ لُوطٍ"[17]

---

[16] لکتاب: ذم الهوى جمال الدين أبو الفرج عبد الرحمن بن علي بن محمد الجوزي (ت 597هـ) الْبَابُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُونَ فِي ذِكْرِ عُقُوبَةِ اللُّوطِيّ فِي الآخِرَةِ

[17] الكتاب: المصنف عبد الرزاق أبو بكر عبد الرزاق بن همام الصنعاني بَابُ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْلِمِ لُوطٍ حديث 14,416

ترجمہ : حضرت عروہ بن زبیر سے روایت ہے اور وہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو غمگین دیکھا، تو عرض کی: اے اللہ کے رسول! وہ کیا چیز ہے جس نے آپ کو غمگین کر دیا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"ایک ایسی چیز (کا ڈر) ہے جس کا مجھے اپنی امت پر خوف ہے کہ وہ میرے بعد قومِ لوط والا عمل (بد فعلی) کرنے لگیں گے۔"

وہ سات افراد جن پر نبی کریم ﷺ نے لعنت فرمائی

عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سَبْعَةَ نَفَرٍ، فَلَعَنَ وَاحِدًا مِنْهُمْ ثَلَاثَ لَعَنَاتٍ، وَلَعَنَ سَائِرَهُمْ لَعْنَةً لَعْنَةً، فَقَالَ: "مَلْعُونٌ مَلْعُونٌ مَلْعُونٌ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ، مَلْعُونٌ مَنْ يَسُبُّ شَيْئًا مِنْ وَالِدَيْهِ، مَلْعُونٌ مَنْ غَيَّرَ شَيْئًا مِنْ تُخُومِ الْأَرْضِ، مَلْعُونٌ مَنْ جَمَعَ بَيْنَ امْرَأَةٍ وَابْنَتِهَا، مَلْعُونٌ مَنْ تَوَلَّى قَوْمًا بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ، مَلْعُونٌ مَنْ أَتَى بَهِيمَةً، مَلْعُونٌ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ عز وجل[18]

ترجمہ : حضرت عطاء خراسانی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سات افراد پر لعنت فرمائی، ان میں سے ایک پر تین مرتبہ لعنت بھیجی اور باقی تمام پر ایک ایک بار۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

1. **ملعون ہے، ملعون ہے، ملعون ہے** (یعنی اللہ کی رحمت سے دور ہے) وہ شخص جو قومِ لوط والا عمل کرے۔

---

[18] الکتاب: المصنف عبد الرزاق أبو بكر عبد الرزاق بن همام الصنعاني بَابُ الَّذِي يَأْتِي الْبَهِيمَةَ

2. **ملعون ہے** وہ شخص جو اپنے والدین میں سے کسی کو گالی دے (یا برا بھلا کہے)۔

3. **ملعون ہے** وہ شخص جو زمین کی حدود (نشانات) میں تبدیلی کرے (تاکہ دوسرے کی زمین ہڑپ کر سکے)۔

4. **ملعون ہے** وہ شخص جو کسی عورت اور اس کی بیٹی کو (ایک ساتھ نکاح میں) جمع کرے۔

5. **ملعون ہے** وہ شخص جو (اپنے اصل مالکان یا سرپرستوں کو چھوڑ کر) ان کی اجازت کے بغیر کسی اور کو اپنا سرپرست یا وارث بنائے۔

6. **ملعون ہے** وہ شخص جو کسی جانور کے ساتھ بدفعلی کرے۔

7. **ملعون ہے** وہ شخص جو اللہ کے سوا کسی اور کے نام پر (جانور) ذبح کرے۔

بدفعلی (قومِ لوط والے عمل) کی سزا

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ وَجَدْتُمُوهُ يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ، فَاقْتُلُوا الْفَاعِلَ وَالْمَفْعُولَ بِهِ[19]"

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

تم جسے قومِ لوط والا عمل (بدفعلی) کرتے ہوئے پاؤ، تو (اس فعل کو) کرنے والے اور جس کے ساتھ کیا گیا، دونوں کو قتل کر دو۔"

[19] الكتاب: مسند الإمام أحمد بن حنبل: الإمام أحمد بن حنبل (164 – 241 هـ) 2732

بد فعلی کرنے والوں کے لیے سنگسار کی سزا

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فِي الَّذِي يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ، قَالَ: "ارْجُمُوا الْأَعْلَى وَالْأَسْفَلَ، ارْجُمُوهُمَا جَمِيعًا"[20]

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اس شخص کے بارے میں جو قومِ لوط والا عمل (بد فعلی) کرے، ارشاد فرمایا اوپر والے اور نیچے والے (یعنی فاعل اور مفعول) دونوں کو سنگسار کر دو، ان دونوں کو اکٹھے سنگسار کر دو۔"

امت کے بارے میں نبی کریم ﷺ کا ایک بڑا خدشہ

.عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَى أُمَّتِي عَمَلُ قَوْمِ لُوطٍ"[21]

ترجمہ : حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بیشک میں اپنی امت پر جس چیز کا سب سے زیادہ خوف (ڈر) رکھتا ہوں، وہ قومِ لوط والا عمل (بد فعلی) ہے۔"

---

[20] الكتاب: جامع السنن [سنن ابن ماجه] أبو عبد الله محمد يزيد ابن ماجه الرَّبعي - مولاهم - القزويني (209 هـ - 273 هـ) [بَابُ] مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ

[21] الكتاب: جامع السنن [سنن ابن ماجه] أبو عبد الله محمد يزيد ابن ماجه الرَّبعي - مولاهم - القزويني (209 هـ - 273 هـ) [بَابُ] إِقَامَةِ الْحُدُودِ عَلَى الْإِمَاءِ

.عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم: «مَا طَفَّفَ قَوْمٌ كَيْلًا، وَلَا بَخَسُوا مِيزَانًا، إِلَّا مَنَعَهُمُ اللَّهُ الْقَطْرَ، وَمَا ظَهَرَ فِي قَوْمٍ الزِّنَا إِلَّا ظَهَرَ فِيهِمُ الْمَوْتُ، وَمَا ظَهَرَ فِي قَوْمٍ الرِّبَا إِلَّا سَلَّطَ اللَّهُ تَعَالَى عَلَيْهِمُ الْجُنُونَ، وَمَا ظَهَرَ فِي قَوْمٍ الْقَتْلُ، فَقَتَلَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، إِلَّا سَلَّطَ اللَّهُ تَعَالَى عَلَيْهِمْ عَدُوَّهُمْ، وَمَا ظَهَرَ فِي قَوْمٍ عَمَلُ قَوْمِ لُوطٍ إِلَّا وَظَهَرَ فِيهِمُ الْخَسْفُ، وَمَا تَرَكَ قَوْمٌ الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ إِلَّا لَمْ تُرْفَعْ أَعْمَالُهُمْ، وَلَمْ يُسْمَعْ دُعَاؤُهُمْ[22]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

- "جب بھی کوئی قوم ناپ میں ڈنڈی مارتی ہے اور تول میں کمی کرتی ہے، تو اللہ تعالیٰ ان سے بارش روک دیتا ہے۔"
- "اور جس قوم میں **زنا** عام ہو جائے، تو ان میں موت (کثرت سے) ظاہر ہونے لگتی ہے۔"
- "اور جس قوم میں **سود** عام ہو جائے، تو اللہ تعالیٰ ان پر جنون (ذہنی پریشانی اور دیوانگی) مسلط کر دیتا ہے۔"
- "اور جس قوم میں **قتل و غارت** عام ہو جائے اور وہ ایک دوسرے کو مارنے لگیں، تو اللہ تعالیٰ ان پر ان کے دشمنوں کو مسلط کر دیتا ہے۔"

---

[22] الكتاب: العقوبات أبو بكر عبد الله بن محمد بن عبيد بن سفيان بن قيس البغدادي الأموي القرشي المعروف بابن أبي الدنيا (ت 281هـ) أَسْبَابُ الْعُقُوبَاتِ وَأَنْوَاعُهَا

- اور جس قوم میں **قومِ لوط والا عمل** عام ہو جائے، تو ان میں (زمین میں) دھنسنے کا عذاب ظاہر ہوتا ہے۔"
- اور جو قوم **نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے** کا کام چھوڑ دے، تو ان کے اعمال (بارگاہِ الٰہی میں) بلند نہیں ہوتے اور ان کی دعا قبول نہیں کی جاتی۔"

اس امت کے لیے ایک اہم تنبیہ

.عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: جَاءَ جِبْرِيلُ عليه السلام إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ «نِعْمَ الْقَوْمُ أُمَّتُكَ لَوْلَا أَنَّ فِيهِمْ بَقَايَا مِنْ عَمَلِ قَوْمِ لُوطٍ[23]

ترجمہ : حضرت نعمان بن بشیر انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: اے محمد ﷺ! آپ کی امت بہترین قوم ہوتی، اگر ان میں قومِ لوط کے عمل کے کچھ اثرات (باقیات) موجود نہ ہوتے۔"

قومِ لوط کے عمل پر اللہ کے رسول ﷺ کی لعنت

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ ، أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم لَعَنَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: «مَلْعُونٌ مَلْعُونٌ مَلْعُونٌ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ[24]

---

[23] الكتاب: بغية الباحث عن زوائد مسند الحارث الحارث بن أبي أسامة (186 - 282 هـ) بَابُ مَا جَاءَ فِي اللِّوَاطِ

[24] الكتاب: بغية الباحث عن زوائد مسند الحارث الحارث بن أبي أسامة (186 - 282 هـ) بَابُ مَا جَاءَ فِي اللِّوَاطِ

ترجمہ : حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور وہ اپنے دادا (حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتے ہیں کہ: نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے تین مرتبہ لعنت فرمائی: "ملعون ہے، ملعون ہے، ملعون ہے وہ شخص جس نے قومِ لوط والا (بدترین) عمل کیا۔"

.وہ لوگ جن کی کلمہ توحید کی گواہی قبول نہیں ہو گی

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "ثَلَاثَةٌ لَا تُقْبَلُ لَهُمْ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ: الرَّاكِبُ وَالْمَرْكُوبُ، وَالرَّاكِبَةُ وَالْمَرْكُوبَةُ، وَالْإِمَامُ الْجَائِرُ[25]"

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "تین شخص ایسے ہیں جن کی یہ گواہی کہ 'اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں' قبول نہیں کی جائے گی:

1. (بد فعلی کرنے والا) مرد اور جس کے ساتھ بد فعلی کی جائے (فاعل و مفعول)۔
2. (بد فعلی کرنے والی) عورت اور جس کے ساتھ وہ بد فعلی کی جائے (عورتوں کی باہمی بد فعلی)۔
3. اور ظالم حکمران (پیشوا)۔"

.اللہ کے غضب اور ناراضگی میں رہنے والے چار شخص

[25] الكتاب: مجمع الزوائد ومنبع الفوائد أبو الحسن نور الدين علي بن أبي بكر بن سليمان الهيثمي (ت 807 هـ) [بَابُ مَا جَاءَ فِي اللِّوَاطِ]

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " «أَرْبَعَةٌ يُصْبِحُونَ فِي غَضَبِ اللَّهِ، وَيُمْسُونَ فِي سَخَطِ اللَّهِ ". قُلْتُ: مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: " الْمُتَشَبِّهُونَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ، وَالْمُتَشَبِّهَاتُ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ، وَالَّذِي يَأْتِي الْبَهِيمَةَ، وَالَّذِي يَأْتِي الرِّجَالَ[26]

ترجمہ : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:"چار شخص ایسے ہیں جو صبح کے وقت اللہ کے غضب میں اٹھتے ہیں اور شام اللہ کی سخت ناراضگی میں گزارتے ہیں۔"(راوی کہتے ہیں) میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول!وہ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا:

1. وہ مرد جو عورتوں کی مشابہت (روپ) اختیار کرتے ہیں۔
2. وہ عورتیں جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں۔
3. وہ شخص جو جانور سے بدفعلی کرتا ہے۔
4. اور وہ شخص جو مرد سے بدفعلی (ہم جنس پرستی) کرتا ہے۔

عذابِ قبر:بدفعلی کا عبرتناک انجام .

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: "مَنْ مَاتَ مِنْ أَصْحَابِ هَذِهِ الْفَاحِشَةِ وَلَمْ يَتُبْ، مُسِخَ فِي قَبْرِهِ خِنْزِيراً[27]"

---

[26] الكتاب: مجمع الزوائد ومنبع الفوائد أبو الحسن نور الدين علي بن أبي بكر بن سليمان الهيثمي (ت 807 هـ) [بَابُ مَا جَاءَ فِي اللِّوَاطِ]

[27] كتاب الكبائر، الكبيرة الحادية عشرة، اللواط، ص ٦٣«.

ترجمہ : حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: "بد فعلی کا مرتکب اگر توبہ کیے بغیر مر جائے، تو اسے قبر میں خنزیر (سور) کی صورت میں مسخ کر دیا (بدل دیا) جاتا ہے۔"

.بد فعلی کرنے والے کا انجام: ایک عبرتناک واقعہ

حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ أَسْلَمَ قَالَ: كَانَ عِنْدَنَا وَكِيعٌ فِي الثَّغْرِ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا أَبَا سُفْيَانَ! إِنَّ أَخِي مَاتَ، وَالْيَوْمُ الثَّالِثُ، فَحَفَرَ الْحَفَّارُ إِلَى جَنْبِهِ قَبْرًا، فَانْهَارَ قَبْرُ أَخِي، فَنَظَرُوا إِلَى لَحْدِهِ، فَإِذَا اللَّبِنُ مَنْصُوبٌ، وَلَيْسَ فِي اللَّحْدِ شَيْءٌ، فَأَتَانِي الْحَفَّارُ فَذَهَبْتُ مَعَهُ فَنَظَرْتُ إِلَى لَحْدِ أَخِي فَإِذَا اللَّبِنُ مَنْصُوبٌ، وَلَيْسَ فِي اللَّحْدِ شَيْءٌ. فَقَالَ لَهُ وَكِيعٌ سَمِعْنَا فِي حَدِيثٍ: "مَنْ مَاتَ وَهُوَ يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ سَارَ بِهِ قَبْرُهُ حَتَّى يَصِيرَ مَعَهُمْ، وَيُحْشَرُ مَعَهُمْ[28]"

ترجمہ : حضرت عمرو بن اسلم بیان کرتے ہیں کہ: ہمارے ہاں سرحد (ثغر) پر امام وکیع بن جراح موجود تھے، تو ان کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا: "اے ابو سفیان! میرا بھائی فوت ہو گیا ہے، آج تیسرا دن ہے۔ ایک گورکن جب میرے بھائی کی قبر کے برابر میں دوسری قبر کھود رہا تھا تو میرے بھائی کی قبر کی دیوار گر گئی۔ جب لوگوں نے اس کی لحد میں دیکھا تو اینٹیں تو اپنی جگہ لگی ہوئی تھیں مگر لحد کے اندر میت موجود نہ تھی!" امام وکیع نے اسے فرمایا: "ہم نے حدیث میں سنا ہے کہ: جو شخص اس حال میں مرے کہ وہ قومِ لوط والا عمل (بد فعلی) کرتا تھا، تو اس کی قبر اسے لے جا کر ان (قومِ لوط) کے ساتھ کر دیتی ہے، اور وہ انہی کے ساتھ محشر میں اٹھایا جائے گا۔"

.حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فتویٰ (لواطت کی سزا)

---

[28] الكتاب: جامع السنن [سنن ابن ماجه] أبو عبد الله محمد يزيد ابن ماجه الرَّبعي – مولاهم – القزويني (209 هـ – 273 هـ) [بَابُ] مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ

عن أَبَى نَضْرَةَ أَنّ ابْنَ عَبّاسٍ ، سُئِلَ: " مَا حَدُّ اللُّوطِيِّ؟ قالَ: يُنْظَرُ أَعْلَى بِنَاءٍ بِالْقَرْيَةِ فَيُلْقَى مِنْهُ ، ثُمّ يُتْبَعُ بالْحِجَارَةِ[29]"

ترجمہ: حضرت ابو نضرہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا: "لوطی (بد فعلی کرنے والے) کی حد (شرعی سزا) کیا ہے؟" آپ نے فرمایا: "بستی کی سب سے اونچی عمارت دیکھی جائے، پھر اسے وہاں سے (اوندھے منہ) گرایا جائے اور اس کے بعد اس پر پتھر برسائے جائیں۔"

خوبصورت نوجوان کی طرف دیکھنے کے بارے میں تابعین کا موقف

عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ ، عَنْ بَعْضِ التَّابِعِينَ ، قَالَ: كَانُوا يَكْرَهُونَ أَنْ يُحِدَّ الرَّجُلُ النَّظَرَ إِلَى الْغُلَامِ الْجَمِيلِ[30]

ترجمہ: حضرت وضین بن عطا بعض تابعین سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرات کسی خوبصورت نوجوان (امرد) کی طرف ٹکٹکی باندھ کر (گھور کر) دیکھنے کو ناپسند کرتے تھے۔

عابد نوجوان کے لیے فتنے سے بچنے کی تلقین

قَالَ: أَخْبَرَنَا بَقِيّةُ ، قَالَ: قَالَ بَعْضُ التّابِعِينَ: «مَا أَنَا بِأَخْوَفَ عَلَى الشّابِّ النّاسِكِ مِنْ سَبُعٍ ضَارٍّ مِنَ الْغُلَامِ الْأَمْرَدِ يَقْعُدُ إِلَيْهِ[31]

---

[29] الكتاب المصنف في الأحاديث والآثار أبو بكر عبد الله بن محمد بن أبي شيبة الكوفي العبسي (ت 235 هـ) فِي اللُّوطِيِّ حَدٌّ كَحَدِّ الزَّانِي

[30] الكتاب: ذم الملاهي لابن أبي الدنيا أبو بكر عبد الله بن محمد بن عبيد بن سفيان بن قيس البغدادي الأموي القرشي المعروف بابن أبي الدنيا (ت 281هـ) بَابٌ: فِي عَمَلِ قَوْمِ لُوطٍ

[31] الكتاب: ذم الملاهي لابن أبي الدنيا أبو بكر عبد الله بن محمد بن عبيد بن سفيان بن قيس البغدادي الأموي القرشي المعروف بابن أبي الدنيا (ت 281هـ) بَابٌ: فِي عَمَلِ قَوْمِ لُوطٍ

ترجمہ :بعض تابعین نے فرمایا: "مجھے ایک عبادت گزار نوجوان کے لیے کسی پھاڑ کھانے والے درندے سے بھی اتنا خوف نہیں ہوتا جتنا (خطرناک) ایک خوبصورت نوجوان (امرد) کا اس کے پاس بیٹھنا ہے۔"

فتنے سے بچنے کے لیے احتیاطی تدبیر

عَنِ النَّجِيبِ بْنِ السَّرِيِّ ، قَالَ: كَانَ يُقَالُ: «لَا يَبِيتُ الرَّجُلُ فِي بَيْتٍ مَعَ الْمُرْدِ[32]

ترجمہ :حضرت نجیب بن سری رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں کہ (تابعین کے دور میں) کہا جاتا تھا: "کوئی بھی شخص کسی (امرد) کے ساتھ ایک ہی گھر میں رات نہ گزارے۔"

قومِ لوط کے عمل میں مبتلا لوگوں کی درجہ بندی

قَالَ: أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ أَبَى السَّائِبِ ، عَنْ أَبَى سَهْلٍ ، قَالَ: " سَيَكُونُ فِي هَذِهِ الْأُمَّةِ قَوْمٌ يُقَالُ لَهُمُ اللُّوطِيُّونَ عَلَى ثَلَاثَةِ أَصْنَافٍ: صِنْفٌ يَنْظُرُونَ ، وَصِنْفٌ يُصَافِحُونَ ، وَصِنْفٌ يَعْمَلُونَ ذَلِكَ الْعَمَلَ[33]"

---

[32] الكتاب: ذم الملاهي لابن أبي الدنيا أبو بكر عبد الله بن محمد بن عبيد بن سفيان بن قيس البغدادي الأموي القرشي المعروف بابن أبي الدنيا (ت 281هـ)
بَابٌ: فِي عَمَلِ قَوْمِ لُوطٍ

[33] الكتاب: ذم الملاهي لابن أبي الدنيا أبو بكر عبد الله بن محمد بن عبيد بن سفيان بن قيس البغدادي الأموي القرشي المعروف بابن أبي الدنيا (ت 281هـ)
بَابٌ: فِي عَمَلِ قَوْمِ لُوطٍ

ترجمہ : ابو سہل بیان کرتے ہیں کہ: "عنقریب اس امت میں ایسے لوگ پیدا ہوں گے جنہیں 'لوطی' کہا جائے گا، وہ تین قسم کے ہوں گے: ایک وہ جو (بد نظری سے) دیکھتے ہیں، دوسرے وہ جو (شہوت سے) ہاتھ ملاتے ہیں، اور تیسرے وہ جو وہ (بدکاری والا) عمل کرتے ہیں۔"

گناہ کا ایسا داغ، جسے دنیا کا سارا پانی بھی نہیں دھو سکتا

عَنْ مُجَاهِد ، قَالَ: لَوْ أَنّ الّذِي يَعْمَلُ ذَلِكَ الْعَمَلَ – يَعْنِي عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ – اغْتَسَلَ بِكُلّ قَطْرَةٍ فِي السّمَاءِ وَكُلّ قَطْرَةٍ فِي الْأَرْضِ لَمْ يَزَلْ نَجِسًا[34]

ترجمہ : حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا: "جو شخص قومِ لوط والا عمل کرے — اگر وہ آسمان کے ہر قطرے اور زمین کے ہر قطرے سے غسل کرلے، تب بھی وہ (روحانی طور پر) ناپاک ہی رہے گا۔"

فتنے سے بچاؤ: ایک قیمتی نصیحت

عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ذَكْوَانَ ، قَالَ: لَا تُجَالِسُوا أَوْلَادَ الْأَغْنِيَاءِ فَإِنّ لَهُمْ صُوَرًا كَصُوَرِ النِّسَاءِ ، وَهُمْ أَشَدُّ فِتْنَةً مِنَ الْعَذَارَى[35]

---

[34] الكتاب: ذم الملاهي لابن أبي الدنيا أبو بكر عبد الله بن محمد بن عبيد بن سفيان بن قيس البغدادي الأموي القرشي المعروف بابن أبي الدنيا (ت 281هـ)

[35] الكتاب: ذم الملاهي لابن أبي الدنيا أبو بكر عبد الله بن محمد بن عبيد بن سفيان بن قيس البغدادي الأموي القرشي المعروف بابن أبي الدنيا (ت 281هـ)

ترجمہ : حسن بن ذکوان سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: "امیروں کی اولاد کے پاس نہ بیٹھا کرو کیونکہ ان کی صورتیں عورتوں جیسی ہوتی ہیں، اور وہ (فتنے کے لحاظ سے) کنواری لڑکیوں سے بھی زیادہ خطرناک ہوتے ہیں۔"

دورِ صدیقی کا واقعہ: بدکاری کی سزا کا فیصلہ

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ ، أَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ ، كَتَبَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رضي الله عنه أَنَّهُ وَجَدَ رَجُلًا فِي نَوَاحِي الْعَرَبِ يُنْكَحُ كَمَا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ فَجَمَعَ أَبُو بَكْرٍ لِذَلِكَ أَصْحَابَ رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم ، مِنْهُمْ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رضي الله عنهما فَقَالَ عَلِيٌّ: « إِنَّ هَذَا ذَنْبٌ لَمْ تَعْمَلْ بِهِ أمة إِلَّاأُمَّةٌ وَاحِدَةٌ ، فَفَعَلَ اللَّهُ بِهِمْ مَا قَدْ عَلِمتُمْ ، أَرَى أَنْ يُحْرَقَ بِالنَّارِ ، فَاجْتَمَعَ رَأْيُ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُحْرَقَ بِالنَّارِ» فأمر أبو بكر أن يحرق بالنار[36]

ترجمہ : محمد بن المنکدر سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خط لکھا کہ انہوں نے عرب کے علاقوں میں ایک ایسا شخص پایا ہے جس کے ساتھ ویسے ہی (بدکاری) کی جاتی

[36] الكتاب: ذم الملاهي لابن أبي الدنيا أبو بكر عبد الله بن محمد بن عبيد بن سفيان بن قيس البغدادي الأموي القرشي المعروف بابن أبي الدنيا (ت 281هـ) بَابٌ: فِي عَمَلِ قَوْمِ لُوطٍ

ہے جیسے عورت کے ساتھ کی جاتی ہے۔اس معاملے پر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کو جمع کیا جن میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ بھی شامل تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"یہ وہ گناہ ہے جو کسی امت نے نہیں کیا سوائے ایک امت کے، پھر اللہ نے ان کے ساتھ جو کیا وہ آپ کو معلوم ہے۔ میری رائے یہ ہے کہ اسے آگ سے جلا دیا جائے۔" چنانچہ رسول اللہ ﷺ کے تمام صحابہ کا اس رائے پر اتفاق ہو گیا کہ اسے آگ سے جلایا جائے، لہذا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اسے آگ سے جلانے کا حکم دیا۔

والدین کی لاپرواہی—بد فعلی کا ایک بڑا سبب

